| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چوبیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ق' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ق' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت بناوٹ سے 'ق' لکھ سکیں ۔ حرف 'ق' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف 'ق' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی اور او ر'ا سے لے کر ف' تک کا درست تلفظ ،صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی ۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ق' کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلمہ ہاتھ میں حرف 'ق' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی اور بچوں کو السلام وعلیکم کہہ کر 'ق' کا تعارف کروائے گی میں حرف 'ق' ہوں دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے اور حرف 'ق' کی آدھی شکل کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ق' حروف تہجی کا اٹھائیسواں حرف ہے اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ق' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ق' کے ذخیرہ الفاظ قوسِ قزح، قصاب، قمیض اور قلفی کے بارے میں جانیں گے ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ق' کی پوری اور آدھی شکل کے اوپر دو نقطے ہوتے ہیں تختہ سفید سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی جس پر بچوں کو حرف 'ق' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ | 10منٹ | Puppet Stick Card<br><br>Sand Tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 35 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ق' پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ تصاویر کے ذریعے 'ق' کے الفاظ بتائے جائیں گے ۔ بچوں کو Sand tray دے کر 'ق' کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی ۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ نمبر 35 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو حرف 'ق' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی ۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چوبیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ق' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ق' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت بناوٹ سے 'ق' لکھ سکیں ۔حرف 'ق' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف 'ق' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی بچوں کو 'ق' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کا تلفظ ،صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ق' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی بچوں کو قوس قزح کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور اُن سے پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے؟ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا انہوں نے پہلے کبھی قوسِ قزح دیکھی ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ جب بارش ہوتی ہے اور اس کے بعد سورج نکلتا ہے تو ہمیں قوس قزح نظر آتی ہے بچوں کو بتایئے کہ قوس قزح کے سات رنگ ہوتے ہیں بچوں کو قوس قزح کے رنگ بتایئے بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'ق' کی آدھی اور پوری شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Straw کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹ کر ایک پیالے میں رکھ کر دیں۔ بچوں کو کہیے کہ Straw کے ٹکڑوں کی مدد سے 'ق' کی پوری اور آدھی شکل بنایئے۔ اور اُس کا نام اور آواز بتایئے۔ بچوں سے کتاب صفحہ 40 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ق' کی پوری اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'ق' کی پوری شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 39 کیجیے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ 40<br><br>Straw<br>قینچی | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ق' کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چوبیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ق' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ق' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت بناوٹ سے 'ق' لکھ سکیں ۔ حرف 'ق' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف 'ق' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ق' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کے نام اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ق' کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ق' سے قالین کے بارے میں بات کریں گے۔ قالین کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے؟ آپ نے یہ کہاں دیکھا ہے؟ اگر کلاس میں قالین ہو تو اس کی طرف اشارہ کریں کہ یہ کیا ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ قالین زمین پر بچھایا جاتا ہے اور اس پر ہم آرام سے بیٹھ سکتے ہیں۔ بچوں سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ق' بنائیے اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔ | 10 منٹ | کتاب صفحہ 41 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کلاس کے آغاز میں بچوں کو بتائیے کہ آج ہم خزانے کی تلاش کھیلیں گے کلاس کے آغاز سے قبل حرف 'ق' سے شروع ہونے والی تصاویر یا چیزیں کلاس روم میں چھپا دیجیے بچوں سے کہیے کہ ہر طالب علم ایک ایک چیز تلاش کرے اور مل جانے پر اپنے نشست پر جا کر بیٹھ جائے۔ اب باری باری ہر طالب علم سے کہیے کہ اس چیز/تصویری کارڈ کا نام اور اس کا ابتدائی حرف بیان کریں اور چیز کے بارے میں ایک جملہ کہیں۔ بچوں کو کتاب صفحہ 41 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ق' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے قالین، قینچی، قوس قزح، قلم کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چوبیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف ’ق‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ق‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت بناوٹ سے ’ق‘ لکھ سکیں ۔ حرف ’ق‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف ’ق‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ق‘ کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔اس کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ق‘ کی پہچان ،آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’ق‘ کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے قینچی ،قہوہ ،قرآن اور قاعدہ کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔اور ان کے نام بتائے جائیں گے۔بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | حرف ق کی اشیاء /تصاویر کا تھیلا | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دائرے کی شکل میں بٹھا دیجیے انھیں ان چیزوں/تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا دیجیے جن کے نام حرف ’ق‘ سے شروع ہوتے ہوں۔ تھیلا جیسے جیسے ایک سے دوسرے طالب علم کے پاس جائے۔ ہر طالب علم اس میں سے ایک چیز نکالے،اس کا نام بتائے پھر ابتدائی حرف بتائے اور اُس کے بارے میں ایک بات کہے۔کاپی پر’ق‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔ | 20 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے قینچی ،قہوہ ،قرآن قلفی کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی بچوں کو کہا جائے گا کہ کلاس میں دیکھیں اور بتائیں کہ اُن کو کوئی ایسی چیز نظر آتی ہے جو’ق‘ سے شروع ہو جیسے قلم ،قاعدہ ،قالین۔<br>گھر کا کام:<br>کاپی پر حرف ’ق‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری چوبیسواں ہفتہ | موضوع: | دہرائی ع تاق | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حروف کا تلفظ، صوتی آواز بتا سکیں۔حروف درست بناوٹ سے لکھ سکیں۔ حروف سے شروع ہونے والے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حروف ’ع تاق‘فلیش کارڈ دکھا کران کا تلفظ اورصوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | حروف اوراشیاء فلیش کارڈ | بچوں کوغیررسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حروف کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے ناموں میں حروف کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف ’ع تاق‘ دہرائی کریں گے۔ باری باری حرف دکھا کران سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ پلےڈو دے کرحروف ’ع تاق‘ کی آدھی شکل بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>ہر بچے کو چار خالی صفحے ( آدھا کر کے )اور پینٹ اور پینٹ برش دیے جائیں گے۔بچوں سے پینٹ برش کی مدد سے اپنا پسندیدہ رنگ استعمال کرتے ہوئے ’ع تاق‘ حروف لکھنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کتاب صفحہ 42 کھولنے کو کہا جائے گا۔حروف کو ان کی آدھی اشکال سے ملانے کو کہا جائے گا۔کتاب صفحہ 45 کھولنے کو کہا جائے گا۔’ع تاق‘ حروف کی لکھائی کروائی جائے گی۔ | 25منٹ | پینٹ اور پینٹ برش | |
| | **اختتامیہ:**<br>ہوا میں حروف ع تاق کی پوری اور آدھی شکل لکھوائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 43،44 کیجیے۔ | 5منٹ | کتاب صفحہ 42،45 | |